
18th May, 2023

# 36% PAKISTANIS PRIMARILY SPEAK PUNJABI AT HOME, 23% SPEAK URDU, 16% SPEAK PASHTO: GALLUP & GILANI PAKISTAN

36% پاکستانی بنیادی طور پر گھر میں پنجابی بولتے ہیں،جبکہ 23% پاکستانی اُردو اور 16% پاکستانی پشتو بولتے ہیں۔

Question: "Please tell us which language do you primarily speak at home?"



پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

**سماجی رویے**

# 36% پاکستانی بنیادی طور پر گھر میں پنجابی بولتے ہیں، جبکہ 23% پاکستانی اُردو اور 16% پاکستانی پشتو بولتے ہیں۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،**

(اسلام آباد)، 18 مئی، 2023


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 36% پاکستانی بنیادی طور پر گھر میں پنجابی بولتے ہیں، جبکہ 23% پاکستانی اُردو اور 16% پاکستانی پشتو بولتے ہیں۔

2017 کی مردم شماری کے مطابق: سب سے نمایاں/زیادہ بولی جانے والی مادری زبان پنجابی ہے، کل آبادی کی 38.78% شرح پنجابی زبان بولتی ہے، اس کے بعد 18.24% پشتو اور 14.57% شرح سندھی زبان بولتی ہے۔ پاکستان میں بولی جانے والی دیگر زبانوں کی شرح یہ ہیں: سرائیکی 12.19%، اُردو 7.08%، بلوچی 3.02%، ہندکو 2.44%، براہوی 1.24%، کشمیری 0.17% اور دیگر زبانوں کی شرح 2.26% ہے۔

اگر اس سروے کے اعداد و شمار اور مردم شماری کے نتائج کا موازنہ کیا جائے تو یہ ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستانیوں کی ایک بڑی تعداد اب اپنے گھر میں اُردو بولتی ہے حالانکہ اُردو اُن کی مادری زبان نہیں ہے۔ 7% پاکستانیوں کی مادری زبان اُردو ہے، لیکن 23% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ وہ اپنے گھر میں اُردو بولتے ہیں۔

سروے میں پاکستان بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ بنیادی طور پر آپ گھر میں کون سی زبان بولتے ہیں؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 36% جوابدہندگان کے مطابق بنیادی طور پر وہ اپنے گھر میں پنجابی بولتے ہیں، 23% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے گھر میں اُردو بولتے ہیں، 16% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے گھر میں پشتو بولتے ہیں، 8% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے گھر میں سرائیکی بولتے ہیں، 7% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے گھر میں سندھی بولتے ہیں، 4% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے گھر میں ہندکو بولتے ہیں، جبکہ 2% جوابدہندگان کے مطابق وہ اپنے گھر میں بلوچی بولتے ہیں، تاہم 4% جوابدہندگان نے گھر میں بولی جانے والی زبان کے حوالے سے دیگر جوابات دیئے۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ بنیادی طور پر آپ گھر میں کون سی زبان بولتے ہیں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1135 مرد و خواتین سے 14 مارچ 2023 تا 22 مارچ 2023 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2% ± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, May 18th, 2023**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2023

celebrating
43
years
of Gallup Pakistan
(1980-2023)